www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

Series

**A**

# OCT-05226
# Paper-II
# URDU

Question Booklet Serial No.
प्रश्नपत्रिका अनुक्रमांक

A

**Signature and Name of Invigilator**

1. (Signature) .....
   (Name) .....
2. (Signature) .....
   (Name) .....

Seat No. | | | | | | | | |
(In figures as in Admit Card)

Seat No. .....
(In words)

OMR Sheet No. | | | | | | |
(To be filled by the Candidate)

**Time Allowed : 2 Hours]** **[Maximum Marks : 200**

Number of Pages in this Booklet : **20**

Number of Questions in this Booklet : **100**

## Instructions for the Candidates

1. Write your Seat No. and OMR Sheet No. in the space provided on the top of this page.
2. This paper consists of **100** objective type questions. **Each** question will carry **two** marks. **All** questions of Paper II will be **compulsory**.
3. At the commencement of examination, the question booklet will be given to the student. In the first 5 minutes, you are requested to open the booklet and compulsorily examine it as follows :
   (i) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page. **Do not accept a booklet without sticker-seal or open booklet.**
   (ii) Tally the number of pages and number of questions in the booklet with the information printed on the cover page. **Faulty booklets due to missing pages/questions or questions repeated or not in serial order or any other discrepancy should not be accepted and correct booklet should be obtained from the invigilator within the period of 5 minutes.** Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given. The same may please be noted.
   (iii) After this verification is over, the OMR Sheet Number should be entered on this Test Booklet.
4. Each question has four alternative responses marked (A), (B), (C) and (D). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each item.
   **Example** : where (B) is the correct response.
   (A) ● (C) (D)
   Following wrong methods should not be used as they are not recognised by scanning machine in digitized assessment. Candidate using such method will be responsible for their loss.

| WRONG METHODS |
|---|
| (A) ✓(B) (C) (D) (A) ✗(B) (C) (D) (A) ◒ (C) (D) (A) ●(B) (C) (D) |

5. Your responses to the items are to be indicated in the OMR Sheet given inside the Booklet only. If you mark at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Read instructions given inside carefully.
7. Rough Work is to be done at the end of this booklet.
8. If you write your Name, Seat Number, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except for the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity, or use abusive language or employ any other unfair means, you will render yourself liable to disqualification.
9. You have to return original OMR Sheet to the invigilator at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are, however, allowed to carry the Test Booklet and duplicate copy of OMR Sheet on conclusion of examination.
10. **Use only Blue/Black Ball point pen.**
11. Use of any calculator or log table, etc., is prohibited.
12. There is no negative marking for incorrect answers.

## विद्यार्थ्यांसाठी महत्त्वाच्या सूचना

1. परीक्षार्थींनी आपला आसन क्रमांक या पृष्ठावरील वरच्या कोपऱ्यात लिहावा. तसेच आपणांस दिलेल्या OMR उत्तरपत्रिकेचा क्रमांक त्याखाली लिहावा.
2. सदर प्रश्नपत्रिकेत **100** बहुविकल्प प्रश्न आहेत. प्रत्येक प्रश्नास **दोन** गुण आहेत. या प्रश्नपत्रिकेतील **सर्व** प्रश्न सोडविणे अनिवार्य आहे.
3. परीक्षा सुरू झाल्यावर विद्यार्थ्याला प्रश्नपत्रिका दिली जाईल. सुरुवातीच्या 5 मिनिटांमध्ये आपण सदर प्रश्नपत्रिका उघडून खालील बाबी अवश्य तपासून पहाव्यात :
   (i) प्रश्नपत्रिका उघडण्यासाठी प्रश्नपत्रिकेवर लावलेले सील उघडावे. **स्टीकर सील नसलेली किंवा सील उघडलेली प्रश्नपत्रिका स्वीकारू नये.**
   (ii) पहिल्या पृष्ठावर नमूद केल्याप्रमाणे प्रश्नपत्रिकेची एकूण पृष्ठे तसेच प्रश्नपत्रिकेतील एकूण प्रश्नांची संख्या पडताळून पहावी. **पृष्ठे कमी असलेली/कमी प्रश्न असलेली/ प्रश्नांचा चुकीचा क्रम असलेली किंवा इतर त्रुटी असलेली सदोष प्रश्नपत्रिका सुरुवातीच्या 5 मिनिटातच पर्यवेक्षकाला परत देऊन दुसरी प्रश्नपत्रिका मागवून घ्यावी.** त्यानंतर प्रश्नपत्रिका बदलून मिळणार नाही तसेच वेळही वाढवून मिळणार नाही याची कृपया नोंद घ्यावी.
   (iii) वरीलप्रमाणे सर्व पडताळून पाहिल्यानंतरच प्रश्नपत्रिकेवर ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेचा क्रमांक लिहावा.
4. प्रत्येक प्रश्नासाठी (A), (B), (C) आणि (D) अशी चार विकल्प उत्तरे दिली आहेत. त्यातील योग्य उत्तराचा रकाना खाली दर्शविल्याप्रमाणे ठळकपणे काळा/निळा करावा.
   **उदा.** : जर (B) हे योग्य उत्तर असेल तर.
   (A) ● (C) (D)
   खालील चुकीच्या पद्धती वापरू नये, कारण डिजिटाइज्ड (Digitized) मूल्यांकनात स्कॅनिंग मशीन त्यांना ओळखत नाही. त्या पद्धती वापरून नुकसान झाल्यास त्यास विद्यार्थीच जबाबदार असतील.

| चुकीची पद्धती |
|---|
| (A) ✓(B) (C) (D) (A) ✗(B) (C) (D) (A) ◒ (C) (D) (A) ●(B) (C) (D) |

5. या प्रश्नपत्रिकेतील प्रश्नांची उत्तरे **ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेतच दर्शवावीत**. इतर ठिकाणी लिहिलेली उत्तरे तपासली जाणार नाहीत.
6. आत दिलेल्या सूचना काळजीपूर्वक वाचाव्यात.
7. प्रश्नपत्रिकेच्या शेवटी जोडलेल्या कोऱ्या पानावरच कच्चे काम करावे.
8. जर आपण ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेवर नमूद केलेल्या ठिकाणाव्यतिरिक्त इतर कोठेही नाव, आसन क्रमांक, फोन नंबर किंवा ओळख पटेल अशी कोणतीही खूण केलेली आढळून आल्यास अथवा असभ्य भाषेचा वापर किंवा इतर गैरमार्गांचा अवलंब केल्यास विद्यार्थ्याला परीक्षेस अपात्र ठरविण्यात येईल.
9. परीक्षा संपल्यानंतर विद्यार्थ्याने मूळ ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिका पर्यवेक्षकांकडे परत करणे आवश्यक आहे. तथापि, प्रश्नपत्रिका व ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेची द्वितीय प्रत आपल्याबरोबर नेण्यास विद्यार्थ्यांना परवानगी आहे.
10. **फक्त निळ्या किंवा काळ्या बॉल पेनचाच वापर करावा.**
11. कॅलक्युलेटर किंवा लॉग टेबल वापरण्यास परवानगी नाही.
12. चुकीच्या उत्तरासाठी गुण कपात केली जाणार नाही.

Prepp
Your Personal Exams Guide



OCT-05226–A

Prepp
Your Personal Exam Guide

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

OCT-05226–A

# URDU
## Paper II

**Time Allowed : 120 Minutes]** **[Maximum Marks : 200**

**Note** : This Paper contains **Hundred (100)** multiple choice questions. Each question carrying **Two (2)** marks. Attempt *All* questions.

1. شمالی ہند میں اُردو نثر کی پہلی باقاعدہ تصنیف کونسی ہے ؟

(A) عجائب القصص

(B) نوطرز مرصع

(C) قصۂ مہر افروز و دلبر

(D) کربل کتھا

2. فہمیدہ اور حمیدہ کس ناول کے کردار ہیں ؟

(A) ابن الوقت

(B) توبۃ النصوح

(C) کاروانِ وجود

(D) آبلہ پا

3. "نقد الشعر" کو اس کے مصنف نے کتنی فصلوں میں تقسیم کیا ہے ؟

(A) دو

(B) تین

(C) چار

(D) پانچ

4. "سوانح مولانا روم" کس کی تصنیف ہے ؟

(A) سید سلیمان ندوی

(B) شبلی نعمانی

(C) الطاف حسین حالی

(D) حبیب الرحمٰن خاں شروانی

www.prepp.in



5. اختر شیرانی کی شاعری پر کس تحریک یا رجحان کے اثرات نمایاں ہیں؟

(A) علی گڑھ تحریک

(B) اصلاحِ زبان کی تحریک

(C) رومانی تحریک

(D) حلقۂ اربابِ ذوق

6. تذکرہ "نکات الشعراء" میں ریختہ کی کتنی قسمیں بیان کی گئی ہیں؟

(A) تین

(B) چار

(C) پانچ

(D) چھ

7. "مارکس" اور "راحیل" کے کردار کس ڈرامے میں آئے ہیں؟

(A) آگرہ بازار

(B) خوبصورت بلا

(C) یہودی کی لڑکی

(D) اسیر حرص

8. خود نوشت "اس آباد خرابے میں" کی پہلی اشاعت کب ہوئی تھی؟

(A) 1995ء

(B) 1996ء

(C) 1998ء

(D) 1999ء

9. محمد عنایت اللہ کا تعلق کس ادارے سے تھا؟

(A) فورٹ ولیم کالج

(B) کلکتہ مدرسہ

(C) سنسکرت کالج کلکتہ

(D) دار الترجمہ جامعہ عثمانیہ

10. مرثیے کے اجزائے ترکیبی کی صحیح ترتیب اِن میں سے کون سی ہے؟

(A) چہرہ – سراپا – آمد – رخصت – رجز – رزم – شہادت – بین

(B) چہرہ – سراپا – رخصت – آمد – رجز – رزم – شہادت – بین

(C) سراپا – رخصت – آمد – چہرہ – رجز – رزم – شہادت – بین

(D) چہرہ – آمد – رخصت – سراپا – رجز – رزم – شہادت – بین

www.prepp.in



11. مغربی ہندی کا ارتقاء کس زمانے میں اور کس اپ بھرنش سے ہوا؟

(A) 800ء کے قریب - ماگدھی اپ بھرنش سے

(B) 1000ء کے قریب - شور سینی اپ بھرنش سے

(C) 700ء کے قریب - اردھ ماگدھی اپ بھرنش سے

(D) 500ء کے قریب - مہاراشٹری اپ بھرنش سے

12. ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی
نہ ٹوٹی شیخ سے زنّارِ تسبیحِ سلیمانی
یہ مطلع کس قسم کے قصیدے کا ہے؟

(A) تمہیدیہ

(B) خطابیہ

(C) وعظیہ

(D) نعتیہ

13. رسالہ "فوائد الناظرین" کس نے جاری کیا تھا؟

(A) ماسٹر کیدار ناتھ

(B) میر ناصر علی

(C) ماسٹر رام چندر

(D) ماسٹر پیارے لال

14. یہ کس نے کہا تھا کہ "غزل کی گردن بے تکلف مار دینی چاہیئے"؟

(A) جوش ملیح آبادی

(B) عظمت اللہ خاں

(C) وحید الدین سلیم

(D) کلیم الدین احمد

15. "حدائق السحر فی دقائق الشعر" کس کی تصنیف ہے؟

(A) شمس قیس رازی

(B) نظامی عروضی سمرقندی

(C) رشید الدین وطواط

(D) ابن قابوس

www.prepp.in



16. انسانی آوازوں کے سائنسی مطالعے کو کیا کہتے ہیں؟

(A) صوتیات

(B) صرفیات

(C) نحویات

(D) معنیات

17. مثنوی "پرت نامہ" کس کی تصنیف ہے؟

(A) رستمی بیجاپوری

(B) مقیمی

(C) فیروز بیدری

(D) غواصی

18. اِن میں سے کس شاعر نے پہلے حزیںؔ تخلص اختیار کیا تھا؟

(A) میر ضاحک

(B) میر خلیق

(C) میر ضمیر

(D) میر انیس

19. تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

یہ شعر سُن کر کس نے یہ کہا تھا کہ "کاش مومن خاں میرا سارا دیوان لے لیتا اور صرف یہ شعر مجھ کو دے دیتا"

(A) ذوق

(B) غالب

(C) شاہ نصیر

(D) بہادر شاہ ظفر

20. "ہائیکو" کی صنف کا تعلق کس زبان سے رہا ہے؟

(A) چینی

(B) جاپانی

(C) روسی

(D) جرمن

21. "کتاب الشعر و الشعرا" کس کی تصنیف ہے؟

(A) قدامہ ابن جعفر

(B) ابن قتیبہ

(C) ابن رشیق

(D) ابن خلدون

www.prepp.in



22. "بیوگرافی ان بزرگوں کی ایک لازوال یادگار ہے جنھوں نے اپنی نمایاں کوششوں سے دنیا میں کمالات اور نیکیاں پھیلائی ہیں"۔ یہ خیال کس نے پیش کیا؟

(A) شبلی نعمانی

(B) الطاف حسین حالی

(C) غلام رسول مہر

(D) شیخ محمد اسماعیل پانی پتی

23. اُردو شاعری کے آسمان پر نظیر اکبر آبادی کی ہستی تنہا ستارہ کی طرح درخشاں ہے"۔ یہ کس کا قول ہے؟

(A) امداد امام اثر

(B) الطاف حسین حالی

(C) کلیم الدین احمد

(D) سید احتشام حسین

24. "چوگانِ ہستی" کس کا ناول ہے؟

(A) سرشار

(B) منشی پریم چند

(C) کرشن چندر

(D) علی عباس حسینی

25. "سب رس" کس بادشاہ کے عہد میں لکھی گئی؟

(A) ابراہیم قطب شاہ

(B) عبد اللہ قطب شاہ

(C) محمد قلی قطب شاہ

(D) محمد قطب شاہ

26. کسی مخصوص زبان کے صوتی نظام کا مطالعہ کس علم کے تحت کیا جاتا ہے؟

(A) فونیمیات

(B) مارفیمیات

(C) نحویات

(D) معنیات

27. "مریخ" اور "مہتاب پری" کے کردار کس مثنوی کا حصہ ہیں؟

(A) پھول بن

(B) گلزار نسیم

(C) چندر بدن و مہیار

(D) قطب مشتری

www.prepp.in



28. مولانا الطاف حسین حالیؔ نے "مدو جزر اسلام" کو کس ہیئت میں لکھا ہے؟

(A) مخمس

(B) مسدس

(C) مثمن

(D) متسّع

29. "آتش و خاک و باد و آب" کس شاعر کی ایک غزل کی ردیف ہے؟

(A) حسرت موہانی

(B) کلیم عاجز

(C) جگر مراد آبادی

(D) شاد عظیم آبادی

30. سر سید نے رسالہ تہذیب الاخلاق کب جاری کیا تھا؟

(A) اکتوبر 1870ء

(B) دسمبر 1870ء

(C) جنوری 1871ء

(D) مارچ 1871ء

31. "اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے"۔ یہ کس کا خیال ہے؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) سنیتی کمار چٹرجی

(C) حکیم شمس اللہ قادری

(D) سید محی الدین قادری زور

32. بیانیہ شاعری کے لئے اِن میں سے کون سی صنف سخن زیادہ موزوں ہے؟

(A) غزل

(B) رباعی اور قطعہ

(C) مثنوی

(D) نظم آزاد

33. "فسانۂ عجائب" کا زمانۂ تصنیف کیا ہے؟

(A) 1819ء

(B) 1825ء

(C) 1827ء

(D) 1829ء

www.prepp.in



34. ہماری تہذیب غزل میں اور غزل ہماری تہذیب میں ڈھلی ہے۔ دونوں کو سمت و رفتار، رنگ و آہنگ، وزن و وقار ایک دوسرے سے ملا ہے"۔
یہ کس کا قول ہے؟

(A) اختر حسین رائے پوری

(B) جوش ملیح آبادی

(C) عبد الرحمٰن بجنوری

(D) رشید احمد صدیقی

35. نغمہ زارِ درد کی جانب چلے ہم / ایک بھی ذرہ نہ کچلا جائے اس رفتار سے / کنج میں پیڑوں کے سورج جھانکتا تھا / کوہساروں سبزہ زاروں میں جھمکتی روشنی کا جشن تھا / جشن جاری ہی رہے گا تا ابد"۔
یہ حصے کس نظم سے لیے گئے ہیں؟

(A) شہر نوا

(B) شب نامہ

(C) بازیابی

(D) بازگشت

36. دکنی اردو میں تاکیدی "چ" کا استعمال اِن میں سے کس کے ساتھ ہوتا ہے؟

(A) صرف اسم کے ساتھ

(B) صرف فعل کے ساتھ

(C) صرف حرف کے ساتھ

(D) اسم، فعل، حرف تینوں کے ساتھ

37. مثنوی "پھول بن" کا سنۂ تصنیف کیا ہے؟

(A) 1650ء

(B) 1655ء

(C) 1660ء

(D) 1663ء

38. "غبارِ خاطر" کے خطوط کس کے نام لکھے گئے تھے؟

(A) مولانا حبیب الرحمٰن خاں شروانی

(B) مولانا ریاض الرحمٰن خاں شروانی

(C) مولانا مجیب الرحمٰن خاں شروانی

(D) مولانا خلیل الرحمٰن خاں شروانی

www.prepp.in



39. نقش، شوخی تحریر، پیرہن اور پیکر تصویر جیسے الفاظ و تراکیب کا استعمال کس شاعر کے ایک شعر میں ہوا ہے؟

(A) غالبؔ

(B) مومنؔ

(C) میر

(D) قائم چاند پوری

40. نظم "انقلاب" کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

(A) مثلث

(B) مربع

(C) مخمس

(D) مثمن

41. "منگل اور رانو" کس ناول کے کردار ہیں؟

(A) میدانِ عمل

(B) گئودان

(C) ایک چادر میلی سی

(D) جب کھیت جاگے

42. "چہار مقالہ" کے کس حصے میں علم شعر کی ماہیت اور شاعر کی اہلیت و صلاحیت کا بیان ہے؟

(A) مقالۂ اول

(B) مقالۂ دوم

(C) مقالۂ سوم

(D) مقالۂ چہارم

43. "یادگار غالب" کا زمانۂ تصنیف کیا ہے؟

(A) 1892ء

(B) 1894ء

(C) 1897ء

(D) 1899ء

44. "سلکِ گوہر" کس کی لکھی ہوئی داستان ہے؟

(A) انشاء اللہ خاں انشا

(B) فخر الدین حسین

(C) غلام حیدر عزت

(D) بہادر علی حسینی

www.prepp.in



45. یہی ٹھہری جو شرطِ وصلِ لیلیٰ
تو استعفیٰ مرا باحسرت و یاس
یہ شعر کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(A) گریز

(B) فرضی لطیفہ

(C) برق کلیسا

(D) حویلی

46. اردو میں مصوّتے کی تعداد کتنی ہے؟

(A) پانچ

(B) سات

(C) دس

(D) تیرہ

47. اردو کی پہلی مثنوی کون سی ہے؟

(A) نوسرہار

(B) کدم راؤ پدم راؤ

(C) قطب مشتری

(D) نل دمن

48. افسانہ "قاتل کی ماں" کس مجموعے میں شامل ہے؟

(A) فردوسِ خیال

(B) واردات

(C) آخری تحفہ

(D) خواب و خیال

49. وہ صنم جب سوں بسا دیدۂ حیران میں آ
یہ مصرع نیچے دیے ہوئے کس مصرعے کے ساتھ مل کر صحیح اور مکمل شعر بن سکے گا؟

(A) شمع روشن کیا مجھ دل کے شبستان میں آ

(B) آتشِ عشق پڑی عقل کے سامان میں آ

(C) اشک کرتے ہیں مکاں گوشۂ دامان میں آ

(D) دفترِ درد بسا عشق کے دیوان میں آ

50. مشرق سے ہو بیزار نہ مغرب سے حذر کر
فطرت کا اشارہ ہے کہ ہر شب کو سحر کر
یہ شعر کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(A) ساقی نامہ

(B) ذوق و شوق

(C) شعاعِ امید

(D) فرشتوں کا گیت

www.prepp.in



51. اردو کی ابتدا نواحِ دہلی کی بولیوں سے ہوئی ہے یہ کس کا نظریہ ہے؟

(A) سید سلیمان ندوی

(B) مسعود حسین خاں

(C) ٹی گراہم بیلی

(D) سہیل بخاری

52. گلشنِ عشق کا زمانۂ تصنیف کیا ہے؟

(A) 1654ء

(B) 1657ء

(C) 1660ء

(D) 1663ء

53. ادب میں "Sublimity" (ارفعیت / علویت) کا تصور کس نے پیش کیا تھا؟

(A) سڈنی

(B) ٹی ایس ایلیٹ

(C) لون جائی نس

(D) آئی اے رچرڈس

54. "کلیاتِ میرؔ" پہلی بار کہاں سے اور کب شائع ہوا؟

(A) دہلی / 1808ء

(B) کلکتہ / 1809ء

(C) کلکتہ / 1811ء

(D) بنارس / 1815ء

55. جوشؔ ملیح آبادی نے "ارتقاء کا پیشوا، تہذیب کا پروردگار" کس کو قرار دیا ہے؟

(A) معمار

(B) سوداگر

(C) کسان

(D) طبیب

56. ان میں سے کس شاعر نے اصلاحِ زبان کی روایت کو فروغ دینے کی کوشش کی؟

(A) شاہ حاتم

(B) خواجہ محمد میر اثرؔ

(C) جرأت لکھنوی

(D) سراج الدین علی خاں آرزو

www.prepp.in



57. ان میں سے کون سا مجموعہ مشتاق احمد یوسفی کا نہیں ہے؟
(A) آب گم
(B) پتیوں پر چھڑکاؤ
(C) چراغ تلے
(D) خاکم بدہن

58. رام نرائن برہمن اور فتح محمد کس افسانے کے کردار ہیں؟
(A) لال باغ
(B) اندھے
(C) امرتسر
(D) جیکسن

59. "شاعری کی حقیقت" اور اس کے عناصر سے متعلق بحث شعر العجم کی کس جلد میں شامل ہے؟
(A) جلد دوم
(B) جلد سوم
(C) جلد چہارم
(D) جلد پنجم

60. ترقی پسند ادیبوں کی پہلی کانفرنس کب ہوئی تھی؟
(A) مارچ 1935ء
(B) جنوری 1936ء
(C) اپریل 1936ء
(D) نومبر 1936ء

61. ادبی پراکرتوں کی کتنی قسمیں ہیں؟
(A) تین
(B) چار
(C) پانچ
(D) سات

62. دو سے زیادہ مطلعوں والے قصیدے کو کیا کہتے ہیں؟
(A) ذو مطلعین
(B) ذوالمطالع
(C) قصیدۂ مردّف
(D) حسنِ مطلع

63. شہریارؔ کا اصل نام کیا تھا؟
(A) کنور سردار محمد خاں
(B) کنور اخلاق محمد خاں
(C) کنور ساجد علی خاں
(D) کنور ناصر علی خاں

www.prepp.in



64. "غزل" کس زبان کا لفظ ہے ؟

(A) ترکی

(B) فارسی

(C) عربی

(D) سندھی

65. الطاف حسین حالیؔ نے "مناجاتِ بیوہ" کس ہیئت میں اور کب لکھی ؟

(A) مسدس – 1875ء

(B) مثنوی – 1884ء

(C) مسدس – 1888ء

(D) مثنوی – 1896ء

66. دن نکلتے ہی آئینہ بولا آؤ بے روک ٹوک آجاؤ

اس تکلف کی کیا ضرورت ہے میں ہمیشہ سے جانتا ہوں تمہیں

پھر تعارف کی کیا ضرورت ہے

یہ بند کس ہیئت میں ہے ؟

(A) مربع

(B) مخمس

(C) مسبع

(D) معشر

67. "ترائیلے" کی ہیئت کو کس زبان میں زیادہ استعمال کیا گیا ؟

(A) جاپانی

(B) فرانسیسی

(C) جرمن

(D) روسی

68. پیروڈی کا لفظ کس زبان سے ماخوذ ہے ؟

(A) اطالوی

(B) یونانی

(C) فرانسیسی

(D) چینی

69. ان میں سے کس شاعر کا تعلق دبستانِ دہلی سے نہیں ہے ؟

(A) میر تقی میر

(B) سعادت یار خاں رنگین

(C) سودا

(D) خواجہ میر درد

70. وہ کون سی صنفِ سخن ہے جس میں بربادیوں اور تباہ کاریوں کا ذکر دردمندی کے ساتھ کیا جاتا ہے ؟

(A) ریختی

(B) ہجو

(C) شہر آشوب

(D) واسوخت

www.prepp.in



71. ہند آریائی کے کتنے ادوار ہیں؟

(A) دو

(B) تین

(C) چار

(D) پانچ

72. قصیدہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) عربی

(B) فارسی

(C) ترکی

(D) پشتو

73. "نظم" کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) ترکی

(B) فارسی

(C) عربی

(D) سندھی

74. ناول "امراؤ جان ادا" کی پہلی اشاعت کس سنہ میں ہوئی؟

(A) 1895ء

(B) 1896ء

(C) 1898ء

(D) 1899ء

75. "بوستانِ خیال" کی تکمیل کس سنہ میں ہوئی تھی؟

(A) 1155 ہجری

(B) 1160 ہجری

(C) 1165 ہجری

(D) 1170 ہجری

76. "ہم نفسانِ رفتہ" کے مصنف کا کیا نام ہے؟

(A) آغا حیدر حسن

(B) خواجہ غلام السیدین

(C) رشید احمد صدیقی

(D) عبد الماجد دریابادی

77. "مدن" اور "اندو" کس افسانے کے کردار ہیں؟

(A) جوگیا

(B) یوکلپٹس

(C) لمبی لڑکی

(D) اپنے دکھ مجھے دے دو

78. اِن میں سے کس کا تعلق تحریک پسند ادبی تحریک سے نہیں رہا ہے؟

(A) اختر حسین رائے پوری

(B) ڈاکٹر عبد العلیم

(C) ممتاز حسین

(D) مہدی افادی

www.prepp.in



79. "تسمیط" کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے کیا معنی ہیں ؟

(A) عربی لفظ ہے۔ اس کے معنی ہیں "موتی پرونا"

(B) فارسی لفظ ہے۔ اس کے معنی ہیں "دو اور دو کیا گیا"

(C) ترکی لفظ ہے۔ اس کے معنی ہیں "آپس میں مربوط ہونا"

(D) فرانسیسی لفظ ہے۔ اس کے معنی ہیں "ایک کو دوسرے سے الگ کرنا"

80. دبیرؔ کا اصلی نام کیا تھا؟

(A) مرزا لیاقت علی

(B) مرزا سلامت علی

(C) مرزا شرافت علی

(D) مرزا قناعت علی

81. "حیاتِ جاوید" کو کتاب المناقب اور مدلّل مداحی کس نے قرار دیا تھا؟

(A) سید احتشام حسین

(B) مہدی افادی

(C) حامد حسن قادری

(D) شبلی نعمانی

82. "نصیحت نامہ" کے عنوان سے ایک ضمیمہ کس داستان کے آخر میں شامل ہے ؟

(A) بوستانِ خیال

(B) طلسم ہوش ربا

(C) سب رس

(D) قصۂ مہر افروز و دلبر

83. "تلاشِ بہاراں" کس کا ناول ہے ؟

(A) جمیلہ ہاشمی

(B) ممتاز مفتی

(C) خدیجہ مستور

(D) رضیہ فصیح احمد

84. نظم "رامائن کا ایک سین" کس ہیئت میں ہے ؟

(A) مربع

(B) مخمس

(C) مسدس

(D) مثنوی

www.prepp.in



85. سنسکرت شعریات میں "رس" کا نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟

(A) بھامہ

(B) بھرت منی

(C) دنڈی

(D) راج شیکھر

86. اِن میں سے کون سا افسانہ منٹو کا لکھا ہوا نہیں ہے؟

(A) ہتک

(B) موزیل

(C) زہر کا پیالہ

(D) دس روپے

87. "عودِ ہندی" کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(A) شبلی نعمانی

(B) مولوی عبد الحق

(C) مرزا غالب

(D) علامہ اقبال

88. ڈراما "انارکلی" کب لکھا گیا؟

(A) 1918ء

(B) 1922ء

(C) 1925ء

(D) 1931ء

89. اِن میں سے کون ایہام گو شاعر کی حیثیت سے مشہور ہے؟

(A) سوداؔ

(B) خواجہ میر دردؔ

(C) سراج الدین علی خاں آرزو

(D) مرزا غالب

90. "موازنۂ انیس و دبیر" کا پہلا ایڈیشن کب جاری ہوا تھا؟

(A) 1904ء

(B) 1906ء

(C) 1907ء

(D) 1908ء

www.prepp.in



91. "کالا چند" اور "ننکو" کس ناول کے کردار ہیں؟

(A) ٹیڑھی لکیر

(B) خدا کی بستی

(C) فائر ایریا

(D) اداس نسلیں

92. "اپنی تلاش میں" کس کی خود نوشت سوانح عمری ہے؟

(A) یوسف حسین خاں

(B) عبد المجید سالک

(C) سر رضا علی

(D) کلیم الدین احمد

93. پکھراج پری اور نیلم پری کا کردار کس ڈرامے میں پیش کیا گیا ہے؟

(A) یہودی کی لڑکی

(B) رستم و سہراب

(C) اندر سبھا

(D) خوبصورت بلا

94. ان میں سے کس مصنف کا تعلق فورٹ ولیم کالج سے نہیں تھا؟

(A) کندن لال

(B) تارنی چرن متر

(C) سجاد انصاری

(D) مرزا علی لطف

95. "دھونیا لوک" (Dhwanya Lok) کا مصنف کون ہے؟

(A) بھامہ

(B) دنڈی

(C) راج شیکھر

(D) آنند وردھن

www.prepp.in



96. "مدھیہ دیشہ" کن علاقوں میں بولی جاتی تھی؟

(A) اودھ، مشرقی یوپی، بہار بنگال اور اڈیشہ

(B) پنجاب کے علاقے میں

(C) انبالہ سے پریاگ راج (الہ آباد) تک

(D) مغربی بنگال

97. الفاظ کی شان و شوکت، ترکیبوں کی بلند آہنگی اور جزالت کس صنفِ سخن کا معیار ہیں؟

(A) مثنوی

(B) قصیدہ

(C) مرثیہ

(D) شہر آشوب

98. باغ و بہار کا پہلا درویش کہاں کا رہنے والا تھا؟

(A) اصفہان

(B) ملک یمن

(C) ترکستان

(D) ملک ختن

99. "دو غزلہ" کسے کہتے ہیں؟

(A) مختلف وزن اور مختلف ردیف میں کہی گئی دو (۲) غزلیں

(B) تین تین اشعار کی دو مختلف الوزن غزلیں

(C) ایسی غزل جس کی اشعار تعداد کے لحاظ سے جفت ہوں یعنی دو (۲) سے تقسیم ہو جائیں

(D) ایسی غزل جسے مکمل کرنے کے بعد شاعر نے اسی زمین اور اسی ردیف قافیہ میں نئے مطلع کے ساتھ مزید اشعار کہے ہوں

100. ہر چیز کی ہے ادا نرالی
حکمت سے نہیں ہے کوئی خالی
ہر چیز ہے ٹھیک ٹھیک لاریب
ہیں اس کے تمام کام بے عیب
اس کی قدرت سے پھول مہکے
پھولوں پہ پرند آکے چہکے
یہ اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں؟

(A) شب قدر

(B) مناجات بیوہ

(C) آثار سلف

(D) خدا کی صفت

www.prepp.in



## ROUGH WORK

Your Personal Exam Guide